علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

شعبہ فکر اسلامی تاریخ وثقافت

کورس کا نام: اطلاقی تحقیق-II (5786) سمسٹر: بہار 2013ء

سطح: ایم فل علوم اسلامیہ

# بستہ برائے طلباء

عزیز طلبا! السلام علیکم

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو یہ مواد بھیجا جا رہا ہے۔

| | | |
|---|---|---|
| - | مطالعاتی راہنما | ایک عدد |
| - | امتحانی مشقیں | 02 عدد |
| - | فارم برائے امتحانی مشقیں | 06عدد |
| - | اوقات نامہ مشقی کام | ایک عدد |

نوٹ: بستہ میں متذکرہ بالا کوئی چیز موجود نہ ہو تو اس کی اطلاع، شعبہ مراسلاتی خدمات، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد کو دیں تاکہ اس کمی کو پورا کیا جا سکے۔

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

### عنوان: ایم فل علوم اسلامیہ کے مشقی کام کرنے کے لیے رہنما اصول

عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔

آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جا رہے ہیں۔ مشق درحقیقت مشق ہے۔ اس مشق کا مقصد یہ ہے کہ آپ نے جن اصول تحقیق کا مطالعہ کیا ہے ان کے عملی استعمال کا تجربہ کروایا جائے۔ آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیں۔

1۔ مشق لکھنے کے لیے تھیسس پیپر استعمال کریں۔ اس کی کوالٹی اور سائز کا خیال رکھیں۔

2۔ مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیں۔ سوال کے تمام اجزا کے جوابات دیں۔

3۔ جوابات تحریر کرنے سے قبل رہنمائے مطالعہ کے متعلقہ حصے اور مجوزہ کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کریں۔

4۔ جواب اپنے الفاظ میں تحریر کریں۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا حوالہ حاشیے میں دیں۔ حوالہ دیتے وقت حوالہ نگاری کے اصولوں کی پابندی کریں۔ اگر کسی ماخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیں اور آخر میں مراجع و مصادر کی تفصیل درج کریں۔

5۔ جواب صفحے کے ایک طرف لکھیں اور دونوں طرف حاشیہ چھوڑ دیں۔

6۔ جواب مختصر اور جامع تحریر کریں۔ ایک بات کو بار بار نہ دہرائیں۔ البتہ ایک بات اگر متعدد مآخذ میں ہے تو حاشیے میں ان مآخذوں کا اندراج کر دیں۔

7۔ اپنی مشق پر "فارم برائے مشقی کام" کے تین پرت مکمل طور پر پُر کر کے لگانا نہ بھولیں۔ مشق کو صحیح طریقے سے نتھی کریں۔ کھلے اوراق کی حفاظت کی ذمہ داری ٹیوٹر پر نہیں ہوگی۔

8۔ پابندی وقت کا خیال رکھیں۔

9۔ اپنی مشق بڑے سائز کے لفافے میں ارسال کریں تاکہ اسے تہہ کرنے کی ضرورت پیش نہ آئے۔

10۔ جواب لکھنے کے بعد نظرثانی کریں۔ قرآنی آیات، احادیث اور املا کی غلطیاں ناقابل معافی ہیں۔

11۔ کسی معاملے میں کوئی مشکل درپیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کریں۔

مخلص

کورس رابطہ کار

**ڈاکٹر محمد سجاد**

اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اسلامی فکر تاریخ و ثقافت

فون نمبر: 051-9057834

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## کلیہ عربی و علوم اسلامیہ

### شعبہ فکرِ اسلامی تاریخ و ثقافت

کورس کا نام: اطلاقی تحقیق-II (5786) — سمسٹر: بہار 2013

سطح: ایم فل علوم اسلامیہ — کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر: 50

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

**-1 اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

**-2 کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

## مشقی کام نمبر 1

سوال نمبر 1: عربی مجلہ "الدراسات الاسلامیہ" (ادارہ تحقیقات اسلامی، بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی اسلام آباد) کے کسی تحقیقی مقالے پر اس انداز میں تبصرہ کیجئے کہ اس کی تمام خوبیاں اور خامیاں واضح ہو جائیں۔ نیز مقالے کے مندرجات کا اس کے مصادر و مراجع سے موازنہ کیجئے۔ مقالہ پندرہ صفحات سے کم نہ ہو (جواب اردو میں لکھا جا سکتا ہے) (50)

سوال نمبر 2: سہ ماہی مجلہ "فکر و نظر" (ادارہ تحقیقات اسلامی بین الاقوامی اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد) کے کسی تحقیقی مقالے پر اسی انداز میں تبصرہ کریں جیسا کہ مشق نمبر 01 سوال نمبر 1 میں مذکور ہے۔ (50)

## مشقی کام نمبر 2

کل نمبر 100

سوال: آپ نے کورس 5783 میں مولانا سعید اکبر آبادی کی ایک کتاب "فہم قرآن" کا مطالعہ کیا ہے۔ اس کتاب کی تلخیص کیجئے۔ تلخیص بیس صفحات سے زائد نہ ہو۔ (100)